# سرکلر الیکشن ۲۰۱۵/۲۰۱۶

سرکلر نمبر 10/1

①

8.9.15 میری عزیز بہنو، السلام علیکم، خیریت و عافیت کی دعاؤں کے ساتھ۔

میں آپکو مرکزی شوری کا اجلاس جو 7 اگست 2015 کو منعقد ہوا، اسکے اہم فیصلوں کے متعلق مطلع کر رہی ہوں۔ اس اجلاس میں ہمارا موضوع الیکشنز 2015 تھا۔

میری عزیز بہنو جیسا کہ ہم سب جانتی ہیں کہ اپنے اندر ایمان و عمل میں مضبوطی پیدا کرنا، اپنے رب کی رضا کی خاطر دوڑ دھوپ کرنا، اپنے دین کو خود سیکھنا اور جہاں تک ممکن ہو دوسروں تک منتقل کرنا، اور اپنے بچوں اور آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک دینی پلیٹ فارم مہیا کرنا ہی ہم سب کا مقصد تھا۔ جس کی وجہ سے ہم حلقہ نور الایمان میں شامل ہوئیں۔ اس قافلے کا آغاز اگرچہ چند خواتین کے ساتھ ہوا لیکن قدم بقدم الحمدللہ نئی بہنیں اس میں شامل ہوتی رہیں اور آج یہ ایک منظم جدوجہد کی شکل میں ہمارے سامنے موجود ہے۔

عزیز ساتھیو، ہم سب جانتے ہیں کہ جب کسی کام کو چند لوگ مل کر انجام دینا چاہیں تو وہ اس وقت تک بہتر نتائج نہیں حاصل کر سکتے، جب تک کہ وہ اس کام کو منظم ہو کر انجام نہ دیں۔ اگر آپ غور کریں تو زندگی کے تمام گوشوں میں مثلاً سیاسی، معاشرتی اور تعلیمی میدان میں ہر جگہ ایک نظام پایا جاتا ہے۔ اس نظام میں ایک راہنما ہونا اور آپس میں مضبوط تعلق ~~ہونا~~ اور رابطہ (یعنی ٹیم ورک) ہونا بہت بنیادی ضرورت ہے۔ لہذا دین اسلام کی خدمت کا کام بھی ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ خصوصاً دورِ حاضر میں ہم اچھی طرح آپس میں جڑ کر، منظم ہو کر اسکا حق ادا کریں۔ ٹیم ورک (یعنی اجتماعیت) ہماری اولین ضرورتوں میں شامل ہے۔

عزیز ممبرانِ حلقہ، جیسا کہ آپ سب کے علم میں ہے کہ حلقہ نور الایمان میں انتخاب کی مدت دو سال ہے چنانچہ 2014 اور 2015 کا یہ سیشن اب اختتام پذیر ہے۔ اور اب

②

دوبارہ انتخابات کا مرحلہ درپیش ہے۔ اس ضمن میں سب سے پہلے مرکزی نگران، اسکے بعد مرکزی شوری اور شہری ناظمات اور پھر شہری شوراؤں کے لیے الیکشن کا سلسلہ جاری رہے گا۔ الیکشنز کے حوالے سے نظام کو بہتر بنانے کے لیے، مرکزی شوری کے حالیہ اجلاس میں، جو تبدیلیاں کی گئی ہیں، وہ مندرجہ ذیل ہیں:

① اس دفعہ مرکزی نگران کا چناؤ صرف مرکزی شوری، تمام شہری شوراؤں کے افراد، اور مرکز کے تمام شعبہ جات کے ذمہ داران اور معاونین کریں گے۔ یعنی مرکزی نگران چننے کا حق اب صرف انہی افراد کو ہو گا۔
اس فیصلے کی وجہ یہ ہے کہ ہماری مرکزی شوری نے اس نقطے کو سمجھا ہے کہ چونکہ ہمارا عام شہری ممبر مرکز سے تعلق رکھنے والے افراد سے direct رابطے میں نہیں ہوتا، اسلیئے اسکو اس اہم اور نازک معاملے میں اپنی رائے بنانا اور دینا مشکل لگتا ہے۔ حقیقت پسندی کا تقاضا ہمیں اپنے طریقہ کار کو مزید بااعتبار اور منظم کرنے کا شعور دے رہا ہے۔

② پھر اسکے بعد مرکزی شوری کو بھی مندرجہ بالا افراد ہی چنا کریں گے۔ یہ فیصلہ بھی اس لیئے اہمیت کا حامل ہے کہ مرکزی شوری کے اندر مستقبل کی قیادت تیار ہوتی ہے اور مرکز تحریک کا پالیسی میکر ہوتا ہے۔ مرکز ایک مالا ہے جسکے اندر شہر موتیوں کی طرح پروئے ہوتے ہیں، لہذا مرکزی شوری کو بھی مرکز کی اچھی طرح اہمیت سمجھے ہوئے افراد ہی چنیں۔

③ شہری نگران اور شہری شوری کو البتہ شہر کے تمام فعال ممبران چنا کریں گے۔ لیکن بہرحال اس میں بھی ووٹ دینے کا حق صرف فعال (active) ممبران کو ہوگا۔ غیر فعال (passive) ممبران کے پاس ووٹ ڈالنے کا حق نہیں ہے۔ اس بات کی مزید تفصیل

آپکو نتیجہ میٹنگ میں مل جائے گا۔

(٦) آئندہ نگران انتخابات برائے مرکزی نگران ہماری تحریک کے اندر سے ہی نامزد ہوا کریں گے۔ اِس سے پہلے اِس موقع پر ہم تحریک سے indirect وابستہ مرد حضرات کا تعاون حاصل کرتے رہے ہیں۔ لیکن چونکہ ایسے افراد کی دستیابی بھی ہر دفعہ ہمارے لیے ایک سوالیہ نشان بن جاتی تھی، اِس وجہ سے اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

(5) اِس دفعہ چونکہ عالیہ حیدر کا نام پچھلے چار سال مرکزی نگران رہنے کی وجہ سے انتخاب کی لسٹ میں شامل نہیں ہے، اِسلیئے اُنھی کو اِس دفعہ کی نگران انتخاب برائے مرکزی نگران بنا دیا گیا ہے۔ عالیہ کسی فرد کا تعاون لے کر اِس سلسلے کو مکمل کر دیں گی۔

(6) آپ نے اپنی مرکزی شوریٰ کے اندر سے ہی اپنے لیئے آئندہ کا مرکزی نگران چننا ہے۔ اور مرکزی ~~شورائی~~ شوریٰ کے لیئے، آپکو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنی شہری شوریٰ میں سے افراد کو نکال کر مرکزی شوریٰ میں بھیجیں۔ یہ سب قیادت کی تیاری کی منظم کڑی بن سکتی ہے۔

(7) عالیہ حیدر کا پتہ یہ ہے:

Aliya Haider,
Fahrenheit Strasse 25,
12207 Berlin.
Germany.

↑ اِس پتے پر آپ نے سب سے پہلے صرف مرکزی نگران کا بیلٹ پیپر ~~کو~~ لفافے میں بند کر کے ارسال کرنا ہے۔



(ا) مرکزی نگران کے انتخاب کے لئے بیلٹ پیپر پر کرنے کا، متعلقہ افراد یہ طریقہ رکھیں،

(ھ) سب سے پہلے خوب دعا کریں کہ اللہ آپکو صحیح فیصلہ کرنے کی راہنمائی اور توفیق عطا فرمائے۔

(ط) مرکزی شوریٰ کے افراد کے ناموں کی لسٹ کو غور سے پڑھیں، اور اطمینان سے اِسکے متعلق غور و فکر کریں۔ اِس سلسلے میں اپنے ساتھیوں سے بھی مشورہ کریں۔

(ح) حالیہ مرکزی شوریٰ کے افراد کی لسٹ یہ ہے:
① عذرا پروین (کوپن ہیگن) ② نسرین سلیم (ڈیوس برگ)
③ طیبہ عدنان (کوپن ہیگن) ④ روزینہ ربانی (برلن)
⑤ شازیہ نوری (کوپن ہیگن) ⑥ شبیہہ (ڈیوس برگ زون)
⑦ نجمہ اعجاز (زارلینڈ) ⑧ شہلا مدثر (ڈارٹمنڈ)
⑨ آسیہ محمود (برلن) ⑩ مشفق (میونخ)

(ع) جب آپ سوچ چکیں، تو پھر خود ایک پرچی کو بیلٹ پیپر بنائیں۔ اِس پر اُوپر تاریخ لکھیں اسکے نیچے یہ تحریر لکھیں:
"میں پوری خدا خوفی اور دیانتداری کے ساتھ .......... بہن کو اپنا مرکزی نگران منتخب کرتی ہوں"۔

(ف) اِس تحریر کو بھی ڈاک کے ایک لفافے میں بند کر دیں۔

(ق) اِس لفافے کو اب ایک اور ڈاک کے لفافے میں بند کر دیں۔ اب باہر والے لفافے کے آگے عالیہ حیدر کا ایڈریس لکھیں۔ اور اسکے پیچھے آپکا اپنا نام اور ایڈریس "ضرور" لکھا ہو۔

اگر اِس کے پیچھے آپکا نام اور ایڈریس

نہیں ہوگا، تو بھی آپکا بیلٹ پیپر قابلِ اعتبار
نہیں سمجھا جائے گا۔ یہ اِسلیئے بھی کہ عالیہ آپکا
ڈاک کا بند لفافہ ملتے ہی، بھیجنے سے آپکا نام
پڑھ اپنی لِسٹ میں آپکے نام کے آگے موصول
ہونے کا نشان "✓" لگاتی جائیں گی۔

(H) ڈاک کے لفافے پر ٹکٹ لگانا مت بھولیئے گا!!!

(ا) اب آپکو 30 ستمبر تک اپنا بیلٹ پیپر برائے
مرکزی نگران عالیہ حیدر کو بھیجنا ہے۔

(ب) پھر انشاءاللہ 5 اکتوبر کو بیلٹ پیپرز کھول کر آپ
سب کو بذریعہ ای میل اور وائبر گروپ فیصلے سے
آگاہی دے دی جائے گی۔

← ہمارے سلسلہ وار انتخابات کے بنیادی اصول:
(۱) تمام انتخابات خفیہ رائے دہی سے ہونگے۔
(۲) انتخابات میں آراء کی مجرد اکثریت فیصلہ کن ہوگی۔
(۳) " " اپنی ذات کے لیئے یا کسی دوسرے کے لیئے
کنویسنگ نہیں کی جا سکتی۔
(۴) مشورہ لینا اور دینا کنویسنگ میں نہیں آتا بلکہ اگر
کہیں جواب طلب سوالات ذہن میں اُٹھتے ہیں تو مشورے
کے دوران اِن سوالات کو ایک دوسرے کے ساتھ ڈسکس
کریں۔

← آپکے سامنے انتخابات کے دوران چناؤ کا معیار
یہ رہے:
(۱) فرد تمام ممبرز میں تقوی، علم کتاب وسنت،
دینی بصیرت، قوتِ فیصلہ، اصابتِ رائے، امانت و
دیانت، محنت اور راہِ خدا میں استقامت کے
لحاظ سے بہتر ہو۔

← میری عزیز بہنو، اب اِس سرکلر کے آخر میں،



میں آپکے سامنے یہ اعتراف کرنا چاہتی ہوں کہ
پچھلے چار سالوں میں، مجھ سے جو اچھے کام ہوئے
وہ دراصل صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق
اور نصرت تھی۔ اور جہاں مجھ سے کمی اور کوتاہیاں
ہوئی ہیں، وہ میری اپنی کمزوری اور نالائقی تھی۔
اِس کے لیئے میں اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ و استغفار
کرتی ہوں اور آپ سب سے معافی چاہتی ہوں۔
آپ سب کا تعاون میرے لیئے ہمیشہ باعث تقویت
اور حوصلہ رہا۔ مرکزی شوریٰ کی محنت کو اللہ
تعالیٰ قبول فرمائے۔ میں دعاگو ہوں کہ اللہ
پاک ہمارے ٹیم ورک کو عمدہ قیادت عطا
فرمائے، آمین، جسکے ذریعے دعوت، تربیت اور
تنظیم جیسی اہم ذمہ داریاں احسن طریقے سے
انجام پائیں۔ آمین ثم آمین۔

دعاگو اور محتاج دعا،
آپکی بہن عالیہ حیدر
نگران حلقہ نور الایمان۔
8.9.15